

Urdu | اردو

# حقیقی مدد۔ اسی وقت۔

# ‎$100 پاور سیونگ بونس: درخواست دینے کا طریقہ

وکٹوریہ کے ان افراد کو حقیقی مدد فراہم کرنا جنہیں سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

وکٹوریہ کی حکومت ضرورت مند افراد کے لیے مہنگائی کو کم کرنے اور انرجی کے بلوں میں کمی لانے کے لیے ایک نئے ‎$100 پاور سیونگ بونس کے ساتھ حقیقی مدد فراہم کر رہی ہے۔

25 اگست 2025 سے، اہل کنسیشن کارڈ رکھنے والے وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ پر جا کر بونس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اور ساتھ ہی یہ بھی چیک کر سکتے ہیں کہ آیا وہ بہترین انرجی کی پیشکش حاصل کر رہے ہیں۔

وکٹورین انرجی کمپیئر ایک مفت اور آزاد حکومتی ویب سائٹ ہے جو بجلی، گیس اور سولر کی پیشکشوں کا موازنہ کرنا آسان بناتی ہے۔ اس ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہوئے، وکٹوریہ کے رہائشی باقاعدگی سے اپنے انرجی کے پلان چیک کر کے اور بدل کر اپنے انرجی کے اخراجات میں بچت کر سکتے ہیں۔

‎$100 پاور سیونگ بونس کے اہل ہونے کے لیے آپ کو کسی مختلف انرجی کے پلان پر منتقل ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ دستیاب انرجی کے پلان کا موازنہ کرنے کے لیے بس ویب سائٹ کا استعمال کریں - یہ تیز، آسان اور آپ کو ایک بہتر پیشکش تلاش کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

## ‎$100 پاور سیونگ بونس

‎$100 پاور سیونگ بونس ایک بار کی ادائیگی ہے جو اہل گھرانوں کو سردیوں کے انرجی کے بلوں سے نمٹنے اور مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد کے لیے تیار کی گئی ہے۔

وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ کا استعمال کر کے درخواست دینے سے، آپ نئی بچتیں دریافت کر سکتے ہیں - اور ساتھ ہی ‎$100 کا بونس بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## اہلیت

اہل ہونے کے لیے، گھرانوں کو درج ذیل شرائط پوری کرنا ہوں گی:

- حالیہ گھریلو بجلی کا بل ہونا
- درج ذیل میں سے ایک رعایتی یا کنسیشن کارڈ کا ہونا:
  - ہیلتھ کیئر کارڈ
  - پینشنر کنسیشن کارڈ (Pensioner Concession Card)
  - ویٹرنز افیرز پینشنر کنسیشن کارڈ (Veterans' Affairs Pensioner Concession Card)
  - ویٹرنز افیرز گولڈ کارڈ (Veterans' Affairs Gold Card)

صرف ایک ادائیگی فی گھرانہ دستیاب ہے۔

## درخواست دینے کا طریقہ

درخواست دینے کے لیے، وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ (compare.energy.vic.gov.au) پر جائیں یا ایک شریک Neighbourhood House کے ذریعے فون **(1800 000 832)** پرذاتی طور پر درخواست دیں۔

VICTORIAN ENERGY COMPARE

VICTORIA State Government

# **حقیقی مدد۔** اسی وقت۔

## وکٹورین انرجی کمپیئر آپ کے لیے کیا کر سکتی ہے:

- یہ آپ کے موجودہ پلان کے ساتھ دستیاب پیشکشوں کا موازنہ کرتی ہے تاکہ آپ دیکھ سکیں کہ وہ زیادہ ہیں یا کم۔
- یہ ویب سائٹ وکٹوریہ کے تمام انرجی ریٹیلرز کی جانب سے مارکیٹ میں موجود ہر پیشکش تلاش کرتی ہے۔
- یہ آپ کو گرین انرجی کی پیشکشیں اور سولر feed-in tariffs دکھاتی ہے۔
- یہ آپ کے گھرانے یا کاروبار سے متعلق مخصوص ڈیٹا استعمال کرتے ہوئے آپ کو بہترین معلومات فراہم کرتی ہے۔

**1** اپنا تازہ ترین بجلی کا بل تلاش کریں۔

**2** compare.energy.vic.gov.au پر جائیں۔

**3** اپنی تفصیلات داخل کریں اور بہترین پیشکشیں حاصل کریں۔

### موازنہ اور بچت کریں

جن لوگوں نے 2024 کے دوران وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ استعمال کی، انھوں نے بہترین قیمت والی پیشکشوں پر منتقل ہو کر $240 سے زیادہ کی بچت کی۔

### رہائشی اور چھوٹے کاروبار

وکٹورین انرجی کمپیئر میں رہائشی اور چھوٹے کاروباری صارفین کے لیے انرجی کی عمومی دستیاب تمام پیشکشیں موجود ہیں۔

### 17.5% رعایت

کنسیشن کارڈ رکھنے والے سال بھر اپنے بجلی کے بلوں اور سردیوں کے گیس بلوں (مئی - اکتوبر) پر 17.5% کی رعایت کے حقدار ہو سکتے ہیں۔



وکٹوریہ کی حکومت کی انرجی ویب سائٹ ان اقدام کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے جو ہم انڈسٹری اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر وکٹوریہ کے محفوظ اور پائیدار انرجی کے مستقبل کی ترقی کے لیے کر رہے ہیں۔

**energy.vic.gov.au/households پر جائیں**

**ذمہ داری سے بریت کا اعلان**

یہ اشاعت آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتی ہے، لیکن اسٹیٹ آف وکٹوریہ اور اس کے ملازمین اس بات کی ضمانت نہیں دیتے کہ یہ اشاعت ہر قسم کی خامیوں سے پاک ہے یا آپ کے خاص مقاصد کے لیے مکمل طور پر موزوں ہے، اور اسی لیے اس میں موجود کسی بھی طرح کی معلومات پر آپ کے انحصار کرنے سے پیدا ہونے والی کسی بھی غلطی، نقصان یا دیگر نتائج کی تمام ذمہ داری کو مسترد کرتے ہیں۔

© دی اسٹیٹ آف وکٹوریا ڈپارٹمنٹ آف انرجی، انوائرمنٹ اینڈ کلائمیٹ ایکشن اگست 2025

**ISBN** 978-1-76176-560-5 **(Print)**
**ISBN** 978-1-76176-561-2 **(pdf/online/MS word)**

انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں معاونت کے لئے تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات (Translating and Interpreting Services - TIS) کو 131 450 پر کال کریں۔

VICTORIA State Government

2052